© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرۂ کتب

## ہمارا بچپن

تالیف: حضرت مولانا محمد اسلم شیخوپوری مدظلہ صفحات - ۳۳۶، قیمت درج نہیں۔
ناشر: اسامہ اکیڈمی، سائٹ کراچی ۱۶

"ہمارا بچپن"، ہمارے جواں سال فاضل دوست حضرت مولانا محمد اسلم شیخوپوری مدظلہ کا تازہ شاہکار ہے مشاہیر اہل علم، مشائخ، ارباب فضل و کمال مجاہدین و قائدین، اصحاب علم و قلم اور معروف دانشوروں اور شعراء کے بچپن کے حالات سبق آموز واقعات دلچسپ حکایات زیادہ تر انہوں نے خود لکھے ان کے سوانح، حالاتِ زندگی اور سیرت و تاریخ کی کتابوں سے ان موتیوں کو چنا اور علم و فن کے نووارد مسافروں کے لیے توشۂ راہ کے طور پر پیش کر دیا بعض حضرات سے لکھوایا تو وہ دلچسپ اور سراسر نافع ہی نافع ہے کتاب کے جاذب نظر اور عمدہ ترین ٹائیٹل پر کتاب کا جامع تعارف یوں کرایا گیا ہے "منبر و محراب، رزم و بزم، درس و تدریس درس گاہ اور خانقاہ، شعر و ادب، صحافت و سیاست اور طب و حکمت کے حوالے سے نمایاں خدمات انجام دینے والی شخصیات کے بچپن کے انتہائی موثر سبق آموز اور دلچسپ حالات" آخر کون ہے جسے شیخ سعدیؒ، مولانا عبدالحق محدث دہلویؒ مولانا رشید احمد گنگوہیؒ، مولانا تھانویؒ، حضرت کشمیریؒ حضرت مدنیؒ، مولانا سید ابوالحسن علی ندویؒ، مولانا سندھیؒ، اور مولانا ابوالکلام آزادؒ جیسے مشائخ اور ارباب علم و کمال کے صاف ستھرے پاکیزہ ماحول کے پاکیزہ بچپن اور سبق آموز تعلیم و تربیت کے مرحلوں سے دلچسپی نہ ہو، ہر مضمون کا انتخاب انتہائی دلچسپ اور پُر تاثیر ہے۔ "ہمارا بچپن" اپنے موضوع پر کامیاب ترین پیش کش ہے مؤلف اور ناشر دونوں مبارک باد کے مستحق ہیں یہ تالیفی کاوش اپنی نوعیت کی پہلی کاوش ہے جس کا مطالعہ مفید ہی نہیں موجب سعادت بھی ہے اہل علم، عوام بالخصوص عزیز طلبہ سب بقدر ذوق اس سے بھرپور استفادہ کر سکتے ہیں، طباعت عمدہ کاغذ معیاری اور کور کارڈ شاندار اور دیدہ زیب ہے۔

## اصلاحی خطبات

افادات - حضرت مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم ضبط و ترتیب: مولانا محمد عبداللہ میمن
ناشر: میمن اسلامک پبلشرز ۱/۱۸۸ — لیاقت آباد کراچی۔

حضرت مولانا جسٹس محمد تقی عثمانی مدظلہ کا مؤثر اصلاحی اور نافع سلسلہ خطبات پر مشتمل رسالے مولانا محمد عبداللہ میمن محنت و کاوش سے مرتب کر کے شاندار طباعت کے ساتھ منظر عام پر لا رہے ہیں۔

(بقیہ صـ۵۷ پر)

© rasailojaraid.com